24/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ آپریشن سندور نے دہشت گردی کے تئیں بھارت کی زیرو ٹالرنس پالیسی سے متعلق بھارت کے پیغام کو عالمی سطح پر بخشی تقویت// وزیر اعظم نریندر مو دی۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ میں گالف ٹورنامنٹ کا کیا آغاز// یوٹی میں گالف سیاحت کو فروغ دینے کےلئے گالف ڈیولپمنٹ اتھارٹی قائم کرنے کا کیا اعلان۔

*........ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے مرکزی حکومت کے پچھلے11برسوں کے بے مثال کام کو کیا اُجاگر ۔

اور

*........وزیر زراعت جا وید احمد ڈار نے محرم الحرام اور سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے مینکئے جا رہے انتظامات کا لیا جائزہ۔

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور نے دہشت گردی کے تئیں زیرو ٹالرنس پالیسی سے متعلق بھارت کے پیغام کو عالمی سطح پر تقویت بخشی ہے۔ آج نئی دلی میں بھارت کے 2عظیم روحانی اور اخلاقی پیشواؤں، سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان کی گئی تاریخی بات چیت کی صد سالہ تقریب سے خطاب کر نے کے دوران وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے اس بات کو واضح کر دیا ہے کہ بھارتی شہریوں کو نقصان پہنچانے والوں کےلئے کوئی بھی جگہ محفوظ نہیں ہے۔

--(PM-Sindoor)--Byte----

اس موقعے پر وزیر اعظم نے سماج کے پچھڑے طبقوں کی بہبود ی کےلئے کئے جا رہے اقدامات کا تفصیل سے ذکر کیا۔ انہوننے کہا کہ پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت کروڑوں کی تعداد میں غریبوں ، دلتوں اور پچھڑے طبقے کے کنبوں کو پکے مکان فراہم کئے گئے۔

**--(PM-Awas Yojna--Byte--**

**دھنکڑ11**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت کے دوران ملک نے پچھلے دس برسوں میں نمایاں اقتصادی ترقی حاصل کی ہے۔ مظفر پور بہار میں آج ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس مدت کے دوران بھارت اقتصادی اعتبار سے دنیامیں 11ویں مقام سے چوتھا مقام حاصل کرنے میں کامیاب ہوا ہے۔

**جتیندر سنگھ11**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی حکومت نے نوکریوں کےلئے انٹرویو کو ختم کرکے ریکروٹمنٹ عمل کو آسان بنایا۔انہوننے کہا کہ اسی شفافیت کے نتیجے میں ملک میں روزگار میلوں کا ایک سلسلہ شروع کیا گیا ۔ میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

**---(Jatinder)--Byte-----**

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمر گ میں18 ہول گالف کورس میں ایک گالف ٹورنامنٹ کا آغاز کیا۔ اس ٹورنامنٹ کو لمبے عرصے کے بعد دوبارہ شروع کیا گیا ہے۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ جمونو کشمیرمیں گالف ٹورازم کو فروغ دینے کےلئے گالف ڈیولپمنٹ اتھارٹی قائم کی جائے گی۔ ہمارے بارہمولہ کے نمائندے کوثر سلام کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ گلمرگ میں تفریح کی جدید سہولیات سے لیس ایک کنونشن سینٹر قائم کیا جائے گا۔

**---(CM.Golf)--Byte-----**

ایک اور سوال کے جواب میں عمر عبداللہ نے کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے میں کوئی بھی مقامی شخص ملوث نہیں ہے۔ انہوننے کہا ۔

**--(CM Pahalgam--Byte--**

گلمر گ دورے کے دوران وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کئی ارکان اسمبلی اور دیگر اعلیٰ افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی مرکزی وِزارت کی طرف سے جموںو کشمیر کےلئے10ہزار637 کروڑ روپے کی لاگت والے سڑک اور ٹنل پروجیکٹوں کو منظوری دیئے جانے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ سرینگر میں ایک پریس کانفرنس کے دوران خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے ان پروجیکٹوں کو منظور کرانے میں کلیدی رول ادا کیا۔

----Byte----

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج بینکٹ ہال سرینگر سے دو مو بائل انٹگریٹیڈ کونسلنگ اینڈ ٹیسٹنگ سینٹرس کو جموںو کشمیر کے دور اُفتادہ علاقوں کےلئے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقعے پر وزیر موصوفہ نے کہا کہ موجودہ حکومت جموںو کشمیر میں طبی شعبے کی جدید کا ری کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

--(Sakeena)--Byte----

انہوں نے کہا کہ مریج اسسٹنس سکیم کو مزید آسان اور فعال بنایا جا رہا ہے۔ میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا ۔

--(Sakeena)--Byte----

محرم انتظامات

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے آج شہر سرینگر کے شیعہ آبادی والے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں محرم الحرام کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس دوران وزیر نے مختلف محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے عزاداروں کو ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں۔ وزیر نے بعد میں پانتھہ چوک میں یاترا کے ٹرنزٹ کیمپ کا بھی دورہ کیا اور وہاں شری امرناتھ جی یاترا کے تعلق سے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت لوگوں کو ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن کوششینکر رہی ہے۔ ڈورو شاہ آباد میں آج ایک کنونشن سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ نیشنل کانفرنس ایک ایسی واحد پارٹی ہے جو لوگوں کی توقعات کی ترجمانی کر تی ہے۔ انہوننے کہا کہ کاپرن۔ ڈیسا۔ٹنل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ کنونشن سے وزیر تعلیم سکینہ ایتو اور کئی دیگر لیڈروں نے بھی خطاب کیا۔

BJP

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار نے جمونو کشمیر میں10ہزار کروڑ روپے سے زائد لاگت والے19بڑے سڑک اور ٹنل پروجیکٹوں کو منظوری دینے سے بنیادی ڈھانچے کو تاریخی سطح کی پہل کی ہے۔ جموں میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر ایک میٹنگ سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی بدولت یوٹی میں بہتر سڑک رابطوں کی دستیابی کے ساتھ ساتھ سرحدوں کی سلامتی کا نظام بھی مستحکم ہو گا۔

دریں اثناءسرینگر میں آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر ڈاکٹر شاما پرساد مکھرجی کا بلیدان دِوس جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا ۔ اس موقعے پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

PDP

پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی کی صدارت میں آج سرینگر میں پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ، جس دوران انہوں نے تنظیمی امور کا جائزہ لیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

پاسپورٹ دِوس

آج13واں پاسپورٹ سیوا دِوس ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اس دن کے موقعے پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ سیوا، سُشاسن اور غریب کلیان حکمرانی کے تین ستون ہیں جو وِکست

بھارت کی بنیاد ہیں۔ انہوننے مزید کہا کہ پاسپورٹ سیوا پروگرام کا دوسرامرحلہ ملک بھر میں شروع کیا گیا ہے۔انہوننے کہا کہ 2014 میں91لاکھ پاسپورٹ جا ری کئے گئے تھے اور یہ تعداد 2024 میں ایک کروڑ46لاکھ تک پہنچ گئی۔

**سمودھان رپورٹ**

سمودھان ہتھیا دِوس کل منایا جا رہا ہے۔ یہ دِوس25جون 1975کو سمودھان کو کچلنے کے واقعات کا احاطہ کرتا ہے۔ اس دن اُن سبھی لوگوں کو خراج عقیدت کیا جاتا ہے۔ جنہوننے ایمرجنسی کی وجہ سے زیادیتوں کا سامنا کیا تھا۔ ایک رپورٹ

---(Report)----

**سکمز کیمپ**

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کی طرف سے آج نارا ناگ کنگن کے قبائلی علاقے میں ایک جامع ہیلتھ کیمپ کا انعقاد کیا گیا ، جس دوران کئی بچوں سمیت 200سے زائد افراد کی طبی جانچ کی گئی۔ کیمپ کے بارے میں سکمز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

-(Prof.Ashraf)--Byte---

**گوجری کانفرنس**

ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف احمد نے آج ٹائیگور ہال سرینگر میں2روزہ گوجری کلچرل کانفرنس کا آغاز کیا۔ کلچرل اکیڈیمی کے اہتمام سے منعقدہ اس کانفرنس کے دوران گوجری ثقافت اور ادب سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی اور گوجری ثقافت کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کیا۔

**عرس**

آج پورے جمونو کشمیر میں خلیفہ دوم سیدنا حضرت فاروقِ اعظمؓ کا عرس مبارک عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب درگاہ حضرت بل میں منعقد جہاں نماز پنجگانہ کے بعد عقیدت مند موئے مقدس آنحضور کے دیدار سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ اسی طرح کی تقاریب آثار شریف شہری کلاشپورہ ، جناب صاحب صورہ ، اہم شریف بانڈی پورہ، لالبازار ، پنجورہ شوپیان، کھرم سرہامہ، کعبہ مرگ، مکہامہ بیروہ اور دیگر بقہ جات میں منعقد ہوئیں۔

داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمے کی طرف سے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار سالہ پروگراموںکیلئے داخلے کاعمل جاری ہے۔داخلے کا عمل 16 PG انڈ ر گریجویٹ اور انٹیگریٹیڈ جون سے شروع ہو گیا ہے جو 7 جولائی تک جاری رہے گا ۔ امیدوار محکمے کی ویب سائٹ سے استفادہ کر سکتے ہیں - jkadmission.samarth.ac.in

اس بارے میں جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

....Prof Aijaz Bashi

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میںایک سماجی کارکن ڈاکٹر توصیف احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

(Dr. Touseef)--V/O--

گرفتاری

پولیس نے منشیات کے خلاف جنگ جا ری رکھتے ہوئے پرے محلہ ہائیگام سوپور میں حشمت پورہ ہتھلنگو کے محمد مقبول بٹ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے اور اسکے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبھی بر آمد کی ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو نے گاندربل میں جیولوجی اینڈ مائننگ ڈیپاٹمنٹ کے ایک اہلکار کو10ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔ غلام مصطفی نامی مذکورہ اہلکار کے خلاف باضاطہ کیس درج کیا گیا ہے۔

## سریکلچر

ڈائریکٹر سریکلچر جمونو کشمیر اعجاز احمد بٹ نے آج سیڈ سٹیشن مرگنڈسرینگر میں ریشم کیڑے تقسیم کرنے کے عمل کاآغاز کیا۔ اس موقعے پر انہوننے مختلف ضلعوں کے افسروں میں 25ہزار سِلک ورم سیڈ تقسیم کئے۔

## فوج

آج بھارتی فوج کی کمشنڈ سرو س کے25برس مکمل ہو گئے ہیں اور انڈین ملٹری اکیڈیمی کی طرف سے اب تک107ریگولر کورس منعقد کئے گئے۔ اس تعلق سے آج نئی دلی میں قومی وار میموریل پر گل دائرے چڑھائے گئے اور کورس کے اُن 11 بہادر افسروں کو خراج عقیدت ادا کیا گیا جنہوننے اپنی فرائض کی انجام دیہی کے دوران اپنی جانیں قربان کیں۔

## جنگ بندی

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی لاگو ہو گئی ہے۔انہوننے کہا کہ اسرائیل ایران پر حملہ نہیں کرے گا۔ تاہم اسرائیلی فوج نے کہا کہ امریکی صدر کے اعلان کے با وجود ایران نے اسرائیل پر میزائل داغے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یاگرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر21 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.......................................

.........................

..........